© rasailojaraid.com



# مطبوعات

**معارف التجوید مع رسم القرآن المجید** تالیف: قاری محمد حبیب اللہ صاحب۔ طابع و ناشر: معہد القرآن کراچی، صفحات ۲۰۰۔ قیمت ۵/- روپے۔ کتابت طباعت بہترین۔

علمِ تجوید کی تحصیل، قرآنِ پاک کی صحیح قراءت کے لیے ناگزیر ہے۔ مگر عام طور پر علمائے کرام اس علم کی طرف پوری توجہ نہیں دیتے، اس کی ایک وجہ تجوید کی فنی باریکیاں بھی ہیں، جن کے لیے غیر معمولی محنت و ممارست درکار ہے۔ زیرِ تبصرہ کتاب میں اس بات کی کوشش کی گئی ہے کہ علمِ تجوید کو سہل اور آسان بنا کر پیش کیا جائے تاکہ طلباء میں قراءتِ قرآنِ پاک کی مطلوبہ اہلیت پیدا ہو سکے۔

"معارف التجوید" میں استعاذہ و بسملہ کی قراءت کی صحیح صورتیں، الثنان اور مخارجِ حروف کی تفصیل اور القاب و صفاتِ حروف کا واضح اور جامع بیان ملتا ہے۔ نیز الف لام اور راء کی تفخیم و ترقیق کے اصول اور نون و میم کے مشدد اور ساکن پڑھنے کے قواعد سلیس اردو میں لکھے گئے ہیں۔ علاوہ ازیں مدات، ہمزہ، ہائے ضمیر اور ادغام وغیرہ کے احکام بھی عام فہم اسلوب میں سپردِ قلم کیے گئے ہیں۔ پوری کتاب سوال و جواب کے انداز میں ہے۔ آخر میں رسمِ قرآنِ مجید اور اوقاف کے بارے میں بھی ضروری ہدایات دی گئی ہیں جن کا علم عام خواندگانِ قرآن کے علاوہ کلامِ الٰہی کی کتابت کرنے والے حضرات کے لیے بھی اشد ضروری ہے۔

بلاشبہ اردو میں علمِ تجوید کو پیش کرنے کی اب تک جتنی کوششیں کی گئی ہیں ان میں یہ کوشش کامیاب تر اور آسان تر ہے۔ اِس خدمتِ قرآنِ پاک کے لیے معارف التجوید کے مؤلف اور ناشر مبارک باد کے مستحق ہیں۔

---

**پاکستان کے معاشی مسائل** مصنف:۔ یوسف حسین شیرازی، طابع و ناشر فیروز سنز پاکستان صفحات ۱۷۶ بڑا سائز، قیمت چھ روپے۔ کتابت و طباعت۔ شیرازی انوسٹمنٹ لمیٹڈ ایف/۳۶ ایس آئی ٹی ای، کراچی

کتاب کے مصنف ایوانِ صنعت و تجارت کراچی کے صدر ہیں جن کا پاکستان کے معاشی مسائل سے قریبی

© rasailojaraid.com